QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)

PRESS RELEASE پریس ریلیز

Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt

Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 22 بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 24 جولائی 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی کے کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 25 جولائی (بروز ہفتہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv پی اے ایف، اولڈ سمنگلی، انٹر کنیکٹر فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ 26 جولائی کو (بروز اتوار) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے پی اے ایف فیڈر سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ اسی طرح 25 جولائی اور 27 جولائی کو (روزانہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ویسٹرن بائی پاس، دوستین، خروٹ آباد، جبل نور، تکاتو، داریم، ادیان فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند ہوگی۔ اسکے علاوہ 27 جولائی کو (بروز پیر) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی اور مالک فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 26 جولائی کو (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv پی اے ایف، بروری روڈ، کینٹ، اسٹیڈیم، انٹر کنکٹر، نواں کلی، کوئٹہ کمرشل، دیبہ فیڈروں سے صبح 7 بجے سے دن 12 بجے تک بجلی بند رہیگی جبکہ 27 جولائی کو (بروز پیر) کچلاک گرڈ اسٹیشن کے 11kv کچلاک سٹی، مجیب، باچا آغا، ڈی ایچ اے ٹو فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

# # #